# AKASHVANI NEWS SRINAGAR

**Text of Urdu news Bulletin**
**Date : 20 August 2026**
**Time : 12:30 / PM**

**Opening**

آداب
یہ آکاشوانی سرینگر ہے۔
دوپہر 12 بجکر 30 منٹ ہوئے ہیں۔
خبروں کا بلیٹن لیکر میں بصارت گل۔

ایل جی

لیفٹننٹ گورنر منوج سنہا نے صنعت کاروں اور دیگر کلیدی سٹیک ہولڈروں پر زور دیا کہ وہ دہشت پسندی اور رشوت خوری سے پاک ترقی یافتہ سماج وجود میں لانے میں اپنا رول ادا کریں۔ جموں میں کل ICC-MSME کنکلیو 2026 کے دوسرے شمارے سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے ملک کے اقتصادی منظر نامے میں MSME اور نینو گلوبل Capabality مراکز کے بڑھتے رول کو اجاگر کیا۔ انہوں نے کہا کہ انتہائی چھوٹے، چھوٹے اور درمیانہ درجے کے کارخانے روزگار پیدا کرنے نیز برآمدات کو تقویت بخشنے میں بھی مددگار ثابت ہو رہے ہیں۔

------V/O------

سدبھاؤنا

آج سدبھاؤنا دوس ہے ۔ یہ دن ملک کے سابق وزیر اعظم راجیو گاندھی کے جنم دن کی یاد میں منایا جاتا ہے۔ آج ملک بھر میں راجیو گاندھی کو خراج عقیدت پیش کرنے کیلئے کئی تقاریب کا اہتمام ہو رہا ہے جس دوران ملک کے تئیں ان کی خدمات اور عظیم قربانی کو اجاگر کیا جا رہا ہے۔ نائب صدر جمہوریہ سی پی رادھا کرشنن اور وزیر اعظم نریندر مودی نے بھی ملک کے سابق وزیر اعظم راجیو گاندھی کے جنم دن پر انہیں خراج عقیدت پیش کیا۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں نائب صدر جمہوریہ نے کہا کہ سابق وزیر اعظم کی قوم کے تئیں خدمات اور عوامی زندگی میں ان کے اہم کردار کو ہمیشہ یاد کیا جائے گا۔

**CM دورہ**

وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے شہر سرینگر میں ٹریفک کی گنجانیت کو کم کرنے ،لوگوں کو اعلیٰ معیار کی سہولیات دستیاب کرانے کے ساتھ دردست لیئے گئے تمام ترقیاتی پروجیکٹوں کی بروقت تکمیل پر زور دیا ہے۔شہر سرینگر کے تمام 8 اسمبلی حلقوں کے ترقیاتی پروجیکٹوں کا برسر موقعہ جائزہ لینے کے دوران انہوں نے افسروں کو ہدایت دی کہ ان پروجیکٹوں کے کاموں کے معیار کے ساتھ کوئی سمجھوتہ کئے بغیر جلد از جلد مکمل کیا جانے چاہیئے تاکہ عام لوگ ان سے مستفید ہوسکیں۔انہوں نے کہا کہ اس طرح کے دوروں سے انہیں پروجیکٹوں کی عمل آوری کے تعلق سے زمینی سطح کی جانکاری فراہم ہوتی ہے۔انہوں نے شہر کے لوگوں کو یقین دلایا کہ ان کے معیار حیات میں بہتری لانے کیلئے اس طرح کے مزید پروجیکٹ ہاتھ میں لئے جائیں گے۔

**CM بیکن**

پروجیکٹ بیکن کے نئے چیف انجینئر بریگیڈیئر ایس دیپک اور سابق چیف انجینئر بریگیڈیئر چراغ Gura نے کل سرینگر میں وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ کے ساتھ ملاقات کی۔اس دوران وزیر اعلیٰ نے دونوں افسروں کی خدمات کی ستائش کرتے ہوئے ان کے نئے Assignments کیلئے نیک خواہشات ظاہر کیں۔

**JKLCMA**

JKLCMA کے وائس چیئرمین خورشید احمد شاہ نے کل جھیل ڈل کا تفصیلی دورہ کرکے وہاں صفائی ستھرائی اور بحالیاتی کام کا جائزہ لیا۔انہوں نے ماتحت افسروں کو ہدایت دی کہ وہ افرادی قوت اور مشینری کو مزید متحرک کریں تاکہ جھیل ڈل کی صفائی اور اس کی شان رفتہ کی بحالی کو یقینی بنایا جاسکے۔انہوں نے 7 ستمبر سے 10 ستمبر تک منعقد ہونے والے پہلے انٹرنیشنل فلم فیسٹول کے تناظر میں SKICC اور للت گھاٹ کے علاقوں میں ڈل کی صفائی کی طرف خصوصی توجہ دینے پر بھی زور دیا۔

انتظامات

عید میلاد النبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے سلسلے میں ان دنوں وادی کی زیارت گاہوں ،خانقاہوں اور دیگر بقعہ جات میں خصوصی دینی مجالس کا سلسلہ جاری ہے۔آثار شریف درگاہ حضرتبل میں نماز عصر سے نماز مغرب تک درود واذکار اور ختمات المعظمات کی مجالس آراستہ ہوتی ہیں جن میں وادی کے مختلف علاقوں سے آئے کثیر

تعداد میں لوگ شرکت کرتے ہیں۔عید میلاد النبی ﷺ کی تقریب سعید **26** اگست بروز بدھوار کو منائی جارہی ہے۔ادھر مختلف اضلاع کے ترقیاتی کمشنروں نے عید میلاد النبی ﷺ کے تعلق سے کئے جارہے انتظامات کا جائزہ لیا۔انہوں نے تمام متعلقہ افسران کو ہدایت دی ہے کہ وہ تمام انتظامات کو حتمی شکل دیں تاکہ زائرین کو کسی بھی قسم کے مشکلات کا سامنا نہ کرنا پڑے۔

ڈی سی بانڈی پورہ

ڈپٹی کمشنر بانڈی پورہ اندو کنول چب نے کل ایک میٹنگ کے دوران **28** اگست سے شروع ہونے مہا دیانیشور ''چھوٹا امرناتھ'' یاترا کے سلسلے میں کئے جارہے انتظامات کا جائزہ لیا۔انہوں نے شردھالوؤں کی سلامتی کو یقینی بنانے کے ساتھ ساتھ دیگر سہولیات دستیاب رکھنے کی بھی متعلقہ افسروں کو ہدایت دی۔انہوں نے شاردا مندر کلوسا اور یاترا ٹریک پر مناسب طبی سہولیات دستیاب کرانے پر بھی زور دیا۔انہوں نے کہا کہ اس سال کی یاترا کو زیرو ویسٹ یاترا کے طور پر اختیار کیا جائے گا۔

**Closing**

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا۔اجازت دیجئے۔خدا حافظ۔